نشئی خاوند سے طلاق لیناہا

طلب المرأة الطلاق من زوجها المدمن للمخدرات

[urdu - اردو - أردو]

شیخ محمد صالح المنجد

ترجمہ: اسلام سوال وجواب ویب سائٹ
تنسیق: اسلام ہا ؤس ویب سائٹ

ترجمة: موقع الإسلام سؤال وجواب
تنسيق: موقع islamhouse

2013 - 1434

IslamHouse.com

نشئی خاوند سے طلاق لینا

کیا عورت کے لیے شرابی اور نشئی خاوند سے طلاق طلب کرنا جائز ہے ؟

الحمد لله:

اصل میں عورت کے لیے طلاق کا مطالبہ کرنا جائز نہیں لیکن اگر اس کا کوئی سبب ہو تو پھر جائز ہے.

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"جس عورت نے بھی اپنے خاوند سے بغیر کسی سبب کے طلاق طلب کی اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے"

سنن ابو داود حدیث نمبر (٢٢٢٦) سنن ترمذی حدیث نمبر (١١٨٧) علامہ البانی رحمہ اللہ نے ارواء الغلیل حدیث نمبر (٢٠٣٥) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان:

"من غیر باس " سے مراد یہ ہے کہ: بغیر کسی سخت ضرورت کے جو جدائی کے سوال کا باعث بن سکتی ہو.

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کہتے ہیں:

"عورت کا خاوند سے طلاق طلب کرنے کی ترہیب میں جتنی بھی احادیث وارد ہیں وہ سب اس پر محمول کی جائینگی کہ جب طلاق کا متقاضی کوئی سبب نہ ہو تو عورت کے لیے طلاق کا مطالبہ کرنا جائز نہیں، ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث کی وجہ سے، پھر انہوں نے مندرجہ بالا حدیث ذکر کی ہے " انتہی

بلاشك و شبہ کسی شخص کا شرابی اور نشئی ہونا بہت بڑا نقص ہے، جو عورت کے دین اور دنیا کے لیے نقصاندہ ہے، کیونکہ خدشہ ہے کہ کہیں وہ نشہ کی حالت میں بیوی کے پاس آئے اور اسے زدکوب کرنا شروع کر دے یا سب و شتم کرے یا پھر اس وقت بیوی کو ایسا کام کرنے کا کہے جو جائز نہ ہو.

اس طرح کا عذر اور عیب عورت کے لیے خاوند سے طلاق طلب کرنے کا مباح سبب شمار ہو گا، لیکن عورت کو چاہیے کہ وہ خاوند کے معاملہ میں صبر سے کام لے اور حسب استطاعت اس کی اصلاح کی کوشش کرے،

اور اگر ایسا کرنے سے عاجز ہو اور خاوند کے ساتھ رہنے میں اسے نقصان ہوتا ہو تو پھر اس صورت میں اس کے لیے طلاق طلب کرنے میں کوئی حرج نہیں.

شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال دریافت کیا گیا:

نشہ کرنے والے خاوند سے بیوی کا طلاق طلب کرنے میں کیا حکم ہے، اور اس کے ساتھ رہنے کا حکم کیا ہو گا ؟ یہ علم میں رہے کہ عورت اور اس کی اولاد کی دیکھ بھال کرنے والا خاوند کے علاوہ کوئی اور نہیں ہے ؟

"نشئی شخص سے بیوی کاطلاق طلب کرنا جائز ہے، کیونکہ اس کے خاوند کی حالت پسندیدہ نہیں، جب وہ اس حالت میں طلاق طلب کرتی ہے تو سات برس کی عمر سے کم بچے ماں کے ساتھ جائینگے، اور والد ان کے اخراجات کا ذمہ دار ہو گا.

اور اگر بیوی کا خاوند کے ساتھ رہنا ممکن ہو تا کہ نصیحت وغیرہ کے ذریعہ اس کی اصلاح کر سکے تو یہ بہتر ہے " انتہی

دیکھیں: فتاوی المراۃ المسلمۃ (٢ / ٧٤٥ - ٧٤٦).

واللہ اعلم .